تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

April 30 2024

پریس ریلیز

شعبہ معاشیات، جامعہ ملیہ اسلامیہ کے پروگرام 'اسپورٹ میٹ' میں طلبہ کی صلاحیتوں اور ہنرمندیوں کا بہترین مظاہرہ

شعبہ معاشیات، جامعہ ملیہ اسلامیہ کے سبجیکٹ ایسوسی ایشن نے اتھلیٹی سزم، بھارئی چارہ، کھیل کود کے جذبہ اور ٹیم اسپرٹ کو جلا دینے کے لیے یونیورسٹی کے پٹودی اسپورٹ کمپلیس میں اپنا سالانہ اسپورٹ میٹ مورخہ پچیس اپریل دو ہزار چوبیس کو منایا۔صدر شعبہ پروفیسر اشریف علیان نے ڈاکٹر وسیم احمد، طلبہ مشیر، کورس کو آرڈی نیٹر بی۔اے(آنرز) معاشیات ڈاکٹر کاشف خان اور طلبہ کی بڑی تعداد کی موجودگی میں پروگرام کا افتتاح کیا۔قابل ذکر ہے کہ شعبہ معاشیات، جامعہ ملیہ اسلامیہ صرف مطالعات میں افضلیت کے لیے طلبہ کی حوصلہ افزائی نہیں کرتا بلکہ اس کے ساتھ ساتھ کلاس روم سے باہر کھیل کود، تہذیبی وثقافتی اور سماجی خدمات کے ذریعے بھی ان کی شخصیت کی ہمہ جہت ترقی کے لیے کوشش کرتا ہے۔قومی تعلیمی پالیسی دو ہزار بیس بھی تعلیم میں کھیل کود کی اہمیت پر زور دیتی ہے اور اسے تعلیمی نصاب کا حصہ بنایا ہے۔

اسپورٹ میٹ کے تحت بیڈمنٹن، ٹیبل ٹینس اور فٹ بال سمیت متعدد مقابلے منعقد ہوئے۔طلبہ نے مسابقت اور جوش وخروش سے بھرپور مقابلوں میں اپنی خوابیدہ صلاحیتوں کے جوہر دکھاتے ہوئے سرگرم شرکت کی۔طلبہ کی پرجوش شرکت کی وجہ سے یہ انتہائی یادگار پروگرام ثابت ہوا۔مقابلے کے فاتحین کو میڈل اور توصیف نامے تقسیم کیے گئے۔پروگرام کو سبجیکٹ ایسوسی ایشن کے عابد رضا کاظمی، فاطمہ شاہان ارکل، فیض اور گورو نے کو آرڈی نیٹ کیا تھا۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی